ایک غیر معمولی صورت حال ہے کیونکہ جب شہادتوں نے خود کہا قسم اٹھا کر کہ یہ دستخط ان کے ہیں تو پھر ماہر کیسے کہہ سکتا ہے کہ یہ دستخط جعلی ہیں اس وجہ سے ماہر کی رائے پر مکمل اعتماد نہیں کیا جا سکتا ہے ایک دفعہ جب یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ اپیل کنندہ نے دھوکہ دہی نہیں کی اور جس پر حکومت کا سارا کیس پر منحصر ہے پھر کوئی قانونی شہادت نہیں ،کہ یا الزام ثابت کرے یا دھوکہ دہی یہی نقطہ خاص طور پر اٹھایا گیا عدالت کے سامنے اس طرح کوئی ثبوت نہیں ملتا اس طرح یہ بات بالکل عیاں ہے کہ عدالت کیس کی مہارت سے مکمل طور پر مطمئن ہونا چاہیے کہ وہ خطاطی کا بہترین ماہر ہونا چاہیے اور پتہ ہونا چاہیے کہ ایک خاص خطاطی کسی کی ہے یانہیں جیسے ماہر کی خطاطی غیر تسلی بخش ہے عدالت کے لئے، عدالت یہ غیر محفوظ تصور کرتی ہے کہ صرف ایک ماہر کی شہادت پر فیصلہ کیا جائے-2001ء YIR 448 لاہور خواجہ اعجاز احمد اور دیگر بمقابلہ ڈی آر او اور دیگر کے کیس کے پیرا 9، 12اور 13کے مطابق مقامی اخبارات میں جب یہ رپورٹ شائع ہوئی تو کیس کے حوالے سے کوئی بھی ثبوت نہیں دیا گیا نہ ہی کوئی ایسے شواہد ہیں جن سے معلومات حاصل کی جا سکیں، اخبارات میں متعلقہ شخص کے حوالے سے نہ کوئی بیان آیا اور نہ ہی کوئی ایسا بیان حلفی اس حوالے سے ہے، اخبارات میں شائع رپورٹ ریکارڈ پر ہے اب یہ واضح ہے کہ اخبارات کے تراشے یا اور اخبارات میں شائع شدہ کوئی بھی مضمون کو ممکنہ طور پر ثبوت کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے نہ ہی قبول کیا جا سکتا ہے ، عبد الولی خان کے کیس پی ایل ڈی 1976ایس سی 57میں سپریم کورٹ نے واضح کیا کہ ہم اٹارنی جنرل سے متفق ہیں جنہوں نے امریکن قانون کے والیو 29کو پڑھا ، دوسرے ایڈیشن کے صفحہ 989کے مطابق یہ بات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ اخبارات میں شائع شدہ رپورٹ یا کسی پروگرام (ایونٹ) کے حوالے سے شائع رپورٹ کی اہمیت نہیں، اخباری رپورٹس یا تراشوں کو اس وقت پیش کیا جا سکتا ہے کہ جہاں پر ایسا واقعہ ہوا ہو یا مقامی لوگوں کا انٹرسٹ ہو یا پوری کمیونٹی کی جانب سے ہو ، اس کے علاوہ کسی چشم دید گواہ کا بیان جو کہ اخبار میں شائع ہوا ہوں وہ اگر موجود نہ ہو تو وہ پیش کیا جا سکتا ہے ، اپیکس کورٹ نے مزید قرار دیا کہ

اخباری تراشوں یا رپورٹ کو ثبوت کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے اور امریکی عدالتوں میں ایسا اکثر ہو چکا ہے ' کوئی کاروباری ریکارڈ یا کسی حادثے کی دستاویزات نہ ہوں لیکن کیونکہ اخباری رپورٹس واقعے کے حوالے سے قابل اعتماد ہو سکتی ہے تو اس پر اعتماد کیا جا سکتا ہے ' شیر محمد بمقابلہ دی کرائون پی ایل ڈی 1949لاہور 511کے کیس میں اخباری رپورٹ کو قبول کرلیا گیا تھا جو کہ مقامی روزنامہ میں شائع ہوئی تھی اس موقع پر قرار دیا گیا کہ اگر ایک شخص اس کا فائدہ نہ لے کہ اس پر جو الزامات کے حوالے سے اخبارات میں رپورٹ شائع ہوئی ہے اور کوئی شکایت بھی نہ کر تو شائع شدہ رپورٹ اس کے خلاف استعمال ہو سکتی ہے ۔جہاں تک وڈیو فلم کا سوال ہے اس میں کچھ نہیں کہ وہ کسنے مہیا کی ہیں یہاں پر عبد الولی خان اور مملکت کے کیس کا حوالہ دونگا کہ جس میں ثبوت تب تک نہیں مانے گئے جب تک تصاویر ریکارڈ کرنے والے افسر کو پیش نہیں کیا گیا ۔کیس عدالت میں چلالی گئی اور متعلقہ افسر نے اوازوں کی نشاندہی کی ایسے شخص کی عدالت میں پیش اور اس کی افادیت کے بارے میں کیا گیا جائے جس کو کوئی جانتا ہی نہیں وڈیو فلم جس کو (او آر) افسر نے دیکھا کوئی قانونی شہادت نہیں تھی اور اس طرح اس پر انحصار نہیں کیا جاسکتا ۔جہاں تک تصاویر کا تعلق ہے اس کا بھی پتہ نہیں چلتا کہ کہاں ہیں تصاویر کس نے لی اور کس نے صاف (Negatines) اس کی اصل کی اس طرح یہ تصاویر بھی شہادت کے طورپر قبول نہیں کی جاسکتی کیونکہ نہیں پتہ کہ فوٹو گرافرکون تھا اور تصویریں صاف کرنے والا کون تھا ۔پی ایل ڈی 2016 لاہور 570 ج شاہد حمید ریحانہ انجم بمقابلہ ایڈیشنل سیشن جج ایک دستاویز کی پیشی اور ایک دستاویزی ثبوت 2 مختلف چیزیں ہیں ایک دستاویز ایک ثبوت کے طور پر پیش کی جا سکتی ہے یہ ثبوت بن بھی سکتا ہے آرٹیکل 78 کے تحت اگر ایک دستاویز پر ایک فریق انحصار کرتا ہے او رعدالت میں دیکھایا جاتا ہے لیکن ثابت نہیں کر سکتا لہٰذا اس پر عدالت انحصار نہیں کر سکتی قانون کے مطابق ایک میڈیکل (طبعی) افسرکی لکھی ہوئی رپورٹ کا ہر نقطہ دستاویزات کی ہر بات کو ثابت کرنا چاہیے کوڈ 510 کے تحت ایک رپورٹ چاہیے وہ انگوٹوں کے نشانات یا بندوقوں کے ماہرین کسی بھی معاملے میں چھان بین کے لئے جمع کئے

گئے ثابت کرنا چاہیے اور یہ مبہم نہیں ہونے چاہیے عدالت ایسے شخص کو
گواہ بنائے بغیر ایسے آدمی کو پکڑ کر اس کی ماہرانہ رائے معلوم کر
سکتی ہے انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لئے جو شخص یہ رپورٹ
بناتا ہو ڈی ڈبلیو دفعہ 510 کے کسی بھی درج بند ی میں نہیں آتا پٹیشنز اپنی
حدود میں رہ کر دوسرے سے سوال کر سکتا ہے اس طرح کہ اس کی گواہی
کی اصلیت کو جانچا جا سکے ڈیفنس وٹنس کے لئے یہ ممکن نہ ہوگا کہ
عدالت اس کی شہادت کو جانچ سکے۔1995ء ایس سی ایم آر 1621 سپریم
کورٹ آف پاکستان ملک خدا بخش بمقابلہ ریاست ، پرا گراف 11 یہاں دوبارہ
پیش کیا جاتا ہے یہ دیکھنا ہوگا کہ نصیر بیگم بمقابلہ سائیں عدالت نے دیکھا
کہ شہادتی ایکٹ اس نتیجے پر نہیں پہنچتی لہٰذا ایک فیصلہ ایک سول کورٹ
جس طرح ایم منیر نے قانون شہادت میں لکھا ’’ یہ قابل قبول نہیں ہے
مجرمانہ کارروائی میں کہ شہادت میں سچائی اور حقائق کی تہہ تک
پہنچاجائے ایک مجرمانہ کیس میں یہ عدالت کااستحقاق ہے کہ وہ مشتبہ
شخص کی غلطی کا تعین کرے عدالت میں اس کیس میں جمع کئے گئے
ثبوتوں پر فیصلہ کیا جائے ۔ایس این گپتا کے کیس میں دکن ہائی کورٹ نے
فیصلہ دیا کہ بری کرنے کا فیصلہ ایک مجرمانہ کیس میں اس پر انحصار
کرتا ہے کہ غلطی ثابت نہیں کی گئی ہے اور اس طرح اس قسم کی شہادت
کو سچ نہیں مانا گیا ۔یہ نصیر بیگم ورسیس سیان سپریم کورٹ فیصلے کے
مطابق جس میں صفحہ585پر یہ قرار دیا گیا ہے "اس پیٹیشن کی سپورٹ
میں کونسل نے کہا ہے کہ سول کورٹ کے فیصلے کو دیکھا جائے ہم اس
فیصلے پر متفق نہیں ہے کیونکہ جیسا کہ پرائوی کونسل نے کمار گپتا رامن
رائے بمقابلہ اتل سنگھ میں نکتہ اٹھایا ہے کہ ۔۔۔ جو حقائق پیش کئے گئے
وہ ایویڈنس ایکٹ کے مطابق نیہں اسی لئے سول کورٹ کا فیصلہ جس کی
طرف ایم منیر نے اشارہ کیا ہے کہ فوجداری مقدمات میں قابل قبول نہیں
۔فوجداری مقدمات میں عدالتیں قصوروار کو نامزد ٹھہراتی ہیں ریکارڈ بتاتا
ہے کہ انوسٹی گیشن کے دوران پیٹیشنر نے سی سی ٹی وی فوٹیج کو مہیا
کرنے کی کوشش کی اس میں کوئی شبہ نہیں کہ عدالت حکم
/164/1984کے تحت سی سی ٹی فوٹیج مہیا کرنے کی اجازت دے سکتی
ہے لیکن 1984میں جاری حکم کے تحت ہی ایسا کرسکتی ہے ۔سی سی ٹی

وی کا فوٹیج کو عدالت میں ایک ثبوت کے طور پر کافی نہیں ہیں جب تک یہ ثابت نہ ہوجائے کہ یہ جائزہیں۔ ایسے فوٹیجز کی جائز ہونے کو ثابت کرنے کیلئے یہ ڈیفنس اور پراسکیوشن کی ذمہ داری ہے کہ اس شخص کا مشاہد ہ کرےجس سے سی سی ٹی وی سسٹم سے یہ فوٹیج تیار کی ہوں لہذا ملزم کو مزید شواہد اور ثبوت پیش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اسے آرڈر 1984کے دفعات کے ساتھ سختی سے ثابت کرے۔ اور یہ محض آرٹکل 216 تک محدود نہیں ہے۔ 1984آف دی آرڈر 79YLR254 ٹائٹل محمد اقبال دی سٹیٹ پیرا14،13،11کو دوبارہ پیش کیاجاتا ہے۔ پی 11:اس vs احمد کے NAO1999 آف (v)(a جائیدار کے کیس کے حوالے سےسیکشن نو تحت یہ ضروری اورفائدہ مند ہے کہ اس جرم کو ثابت کرنے کیلئے تمام ضروری جواز کا مشاہد ہ کیا جائے ۔ ملزم کے بارے میں ضروری ہے کہ معلوم کیاجائے کہ وہ ایک پبلک آفس ہولڈر ہے۔ اس نے جائیداد جمع کی اور اسکی جائیدار اس کے ٹائٹل سے ہے۔ اس کے ظاہری ذرائع آمدن کیا ہیں اور جو اخراجات ملزم نے خرچ کیے ۔ یہ ظاہر ہے کہ محض اثاثہ جات کا رکھنا جووہ اپنے نام پر ٹرانسفارمر یا شفٹ کرسکتا ہو یا کسی اور کے نام کرسکتا آف(v)(ہو ، سے وہ مجرم نہیں ٹھہرتا جیسا کہ سیکشن نو(اے بھی یہی کہتا ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے غنی الرحمانNAO1999 میں مندرجہ ذیل (PLD2011SC1144(نیب اور دیگر کے کیس میںvs اصول وضع کیے تھے۔ 6۔ اب قانون وضع ہوچکا ہے کہ اس جرم کو آف دی نیب آرڈی نیشن 1999کے تحت لیکن وکیل دفاع اس (a)(v)سیکشن 9 بات کو ثابت کرنے میں ناکام رہا جو قانون شہادت کے آرٹیکل 79,78 اور 80 کے مطابق ہےلہٰذا آرٹیکل 84 کے تحت ماہرانہ موقف پیش کیا جائے اور یہی کچھ انگوٹھے کے نشان بارے ہے ۔ تاہم حقائق دفاع کے دعوئوں کے برعکس ہیں جو متنازعہ فروختگی سے متعلق ہیں ۔ لہٰذا فائل میں موجود ثبوت بھی کسی اہمیت کے حامل نہیں اور نہ ہی پیش کردہ ثبوت اس قابل ہیں کہ ان پر غور کیا جا سکے۔ جب کوئی ایک فریق ثبوت پیش کرنے میں ناکام ہو جائے تو اسے کوئی فائدہ نہیں دیا جا سکتا ، اس حوالہ سے سید عمر شاہ بنام بشیر احمد کیس دیکھا جا سکتا ہے ۔ آرٹیکل 61 ,ہینڈ رائٹنگ ماہر کی ہینڈ رائٹنگ ماہر کے ثبوت اور رائے کو ہمیشہ ایک =>رائے ، سکوپ

کمزور ثبوت تصور کیا جائے گا۔حتیٰ کہ زبردست زبانی و تحریری اور واقعاتی ثبوتوں کے باوجود ہینڈ رائٹنگ ماہر کی رائے باطل قرار دی جائے گی۔پی ایل ڈی 2005 کوئٹہ : اشفاق خالد بنام سرکار ،پیراگراف 33 ، ا یم این او پی 358 اور 37 یو کو یوں پڑھا جائے۔'' جہاں تک ہینڈ رائٹنگ ماہر کی رپورٹ کا تعلق ہے تو یہ ناقابل یقین ہے ، سپریم کورٹ نے 1985ء میں اپنی ایک رپورٹ ایس سی ایم آرصفحہ 359 میں کہا ہے کہ ہینڈ رائٹنگ ایکسپرٹ کی رائے کو حتمی حیثیت حاصل نہیں۔ اس حوالہ سے عدالت نے اپنی آبزرویشن میں کہا ہے کہ '' عدالت میں جمع کردہ ہینڈ رائٹنگ ایکسپرٹس کی ہر قسم کی رائے اب تک غیر اطمینان بخش رہی ہیں ۔ ایسے ثبوت اس قدر کمزور اور ناقص تھے کہ ان کو عدالتی نظام میں جگہ دینا ممکن نہیں، عدالتیں صرف ان پر اعتماد نہیں کر سکتیں ۔ اسی طرح 1947ءاے آئی آر صفحہ 180 کے مطابق '' ہینڈ رائٹنگ ایکسپرٹ کی رائے سے ملکیت خطرہ میں پڑ جاتی ہے ۔''ڈی ڈبلیو 22 کے تناظر میں آخری گواہی ہینڈ رائٹنگ ایکسپرٹ کی ہونی چاہیے ، ہینڈ رائٹنگ ایکسپرٹ کے ثبوتوں کو متنازعہ دستاویزات میں الگ رکھا جائے ، میں ان کو قبول کرنے میں وقت اور جھجھک محسوس کررہا ہوں ۔ مسٹر وسیم نے متعدد اتھارٹیز اور کتب سے اس حوالہ سے جو رائے دی ہے میں شعوری طور پر کہتا ہوں کہ یہ بہت خطرناک ہے ۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ یہ ماہر کسی ایک فریق کے حق میں جس نے انہیں بلایا ہونفائدہ دے سکتے ہیں ۔ یہاں ہم ایک فیصلہ پی ایل ڈی 1958ء لاہور صفحہ 447 کا حوالہ دے سکتے ہیں ۔'' ہینڈ رائٹنگ ایکسپرٹ کی رائے کو بڑی احتیاط سے لیا جائے چاہیے وہ ایک غیر جانبدار ماہر ہی کیوں نہ ہو ، کیونکہ وہ ماہر غیر شعوری ہر اس ایک فریق کو فائدہ پہنچا سکتا ہے جس نے اسے بلایا ہو۔ صرف ان حقائق کو دیکھتے ہوئے کہ ایک ماہر کہے کہ دستاویز ایک خاص شخص نے لکھی ہے اس کو حتمی نہ مانا جائے بلکہ عدالت فیصلہ دینے سے پہلے تمام ثبوتوں کو متعلقہ نکتہ پر دیکھے اور ان کی جانچ کرے ۔اسی فیصلہ میں مزید کہا گیا کہ '' ایک ماہر کی رائے قابل قبول ہے اسے ناقابل یقین نہ تصور کیا جائے ، ایسے حالات اور واقعات ہو سکتے ہیں لہٰذا ایک ماہر کے بیان کی درستگی کو جانچا جائے ''ملکیت سے متعلق فیصلہ جو 1969ء میں

ہوا پی سی آر ایل ہے صفحہ 259،جب ہینڈ رائٹنگ ماہر کی رائے پر بحث ہوئی تو '' ایک ہینڈ رائٹنگ ماہر کی رائے پر سوال اٹھ سکتے ہیں ۔تحریر اور دستخط ناقابل یقین ہیں لیکن ان میں غلطی ممکن ہے ایک ماہر سے بھول ہو سکتی ہے کہ مذکورہ تحریر اور دستخط اسی شخص کے نہیں جس کی تحریر اور دستخط صاف ہیں ۔بہر حال تحریر اور دستخط ایک ثبوت ہو سکتے ہیں لیکن ان کی حیثیت خاطر خواہ نہیں۔''35 ، عدالت اپنے طور s-اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ ماہر تحریر کی رائے کو قبول کرتے ، حقائق اور حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جیسے کہ پی ایل ڈی 1966 ء ، ڈھاکہ ، صفحہ 444 میں ہے اسے دوبارہ بیان کرتی ہے ۔'' سیکشن کا مطالعہ کرتے ہوئے ،یہ عدالت ہے جس نے ماہر کی رائے کو متعلقہ بنانا ہے عدالت اسے یکسر مسترد یا منسوخ نہیں کر سکتی ۔ عدالت ایک ماہر تحریر کو مدد کے لئے بلا سکتی ہے ۔ ایک کیس میں جہاں تاثر بالکل واضح ہو عدالت خود اپنے طور فیصلہ کیوں نہیں کرتی؟37 یو ۔دو مختلف ہینڈ رائٹنگ یا دستخوں کا جائزہ لیتے ہوئے ایک ماہر تحر یر سے کہا جائے کہ وہ دونوں تحریر وں یا دستخطوں کو دیکھے اور ان کا موازانہ کرے کہ قلم کیسے پکڑا گیا؟قلم کا دبائو کیا تھا ؟ لکھنے کی رفتار ، الفاظ کا حجم ، الفاظ کی ترتیب اور تمام الفاظ میں فاصلہ وغیرہ کیا تھا؟ اسی طرح اصول '' اصل اصل جیسا ہے '' کی بنیاد کو بھی دیکھا جائے ۔ اسی طرح نمونہ کی تحریر کے لئے اس شخص کو بالکل ویسا ہی کاغذ ، سیاہی اور لکھنے کے آلات دیئے جائیں جس کی تحریر درکار ہے ۔ اگر متنازعہ تحریر پنسل سے لکھی گئی ہے تو پنسل میں تحریر کا نمونہ لیا جائے ۔ اگر بال پین کی تحریر ہے تو اسی میں لی جائے ۔('' ہارڈلیس متنازعہ دستاویزات ، ہینڈ رائٹنگ اور انگوٹھے کی چھاپ کی شناخت '' جو ٹی جے گجر نے دہرائے تھرڈ ایڈیشن 2010(1983ء پی سی آر ایل جے 1832 ۔ میر فیاض احمد بنام سرکار، پارس کو دہرایا جاتا ہے ۔19-عبدالرشید کیس (سپرا) یہ دیکھا Aنمبر 19,20,21 گیا ہے کہ جیسا کہ کوئی اپیل کنندہ اپنی صفائی میں ان الزامات کا ثبوت نہیں دے سکا جو اس کے خلاف ہیں تو یہ اس کے خلاف جائیں گے۔پی -20-آخری قاضی نسیم احمد کیس میں اپیل کنندہ کو انسداد بدعنوانی کے سیکشن 5سی کے تحت ، سرکاری ملازم ہونے کے ناطے ملزم ناجائز ذرائع

سے اپنے نام پر اور اپنے زیر کفالت والدہ اور چھوٹے بھائی کےنام پر
جائیدادیں خریدیں ۔ عدالت نے ہر جائیداد کاجائزہ لیاور اس نتیجہ پر پہنچی
کہ الزام ثابت نہیں ہوتا۔ ماہر تحریر کی رائے پر عدالت نے آبزرویشن دی
کہ ثبوتوں کی عدم موجودگی میں ایک ماہر تحریر کی رائے بھی کافی نہیں
کہ اپیل کنندہ نے دستاویزات میں کوئی جعل سازی اور چھیڑ چھاڑ کی ہے
۔پی ڈی 21 ۔ مندرجہ بالا مقدمہ کو دیکھتے ہوئے قانورن اس حوالہ سے
واضح ہے کہ ایک ماہر تحریر کی رائے محض رائے ہی ہے اس لئے
صرف رائے پر حتمی رائے قائم نہیں کی جا سکتی ۔پی ایل ڈی 2014 سپریم
کورٹ 696 لینڈ ایکوزیشن کلکٹر سرگودھا بنام محمد سلطان وغیرہ ، پیرا 5
۔قانون شہادت حکم 1984 جس میں Dڈی اور 6 بی پڑھا جا سکتا ہے -5
آرٹیکل 59 شامل ہے ، یہ بات واضح ہے کہ ایک گواہ کی رائے اسی وقت
اہمیت کی حامل ہوگی اگر وہ مذکورہ آرٹیکل کے تحت مخصوص میدان میں
ماہر بھی ہے ۔ علاوہ ازیں رائے دینے کے مقصد کی خاطر گواہ نے پہلے
کسی ماہر سے رائے لی ہو یا اس کی تعلیمی قابلیت یا تجربہ اسے حاصل ہو
۔ اگر ایسا کچھ نہیں تو یہ رائے محض رائے ہوگی اور اسے ثبوت کی
موجودہ کیس میں عدالت میں ایک ایسا شخص آیا ہے B-6حیثیت نہیں ہوگی۔
جو ماہر نہیں ہے ۔پی ایل ڈی 1993، سپریم کورٹ 88، اٹالا نسٹک سٹیمر
سپلائی کمپنی بنام ایم وی ٹائٹس ودیگر ، ہیرا 13دوبارہ دیا جاتا ہے ۔’’
دونوں فریقوں میں تنازعہ غیر ملکی قانون کے ثبوتوں کے حوالے سے ہے
۔ثبوتوں کے حوالے سے سیکشن 38قانون شہادت اور آرٹیکل 52کو دیکھتے
ہوئے یہ کافی ہوگا ۔52۔ کتاب قانون کے تحت بیانات میں تعلق :۔ جب عدالت
کوئی رائے قائم کرے جیسا کہ کسی ملک کا قانون ہو یا ایسا بیان ہو جو اس
ملک کی حکومت کی اجازت سے قانون کی کسی کتاب میں چھپا یا شائع ہوا
ہوں ۔تو اس قانون کو متعلقہ مانا جائے گا ، مندرجہ بالا آرٹیکل کے سرسری
مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ غیر ملکی قانون کو اس ملک کی حکومت کی
اجازت شائع کی گئی کتاب سے ثابت کیا جاسکتا ہے ۔اسی طرح یہ بھی
دیکھا گیا ہے کہ قانون شہادت کے آرٹیکل 59کے تحت ایک ماہر کابھی
تجزیہ کیاجاسکتا ہے ۔مزید کہا گیا ہے کہ برطانیہ ملکی قوانین کو ماہرین
کے ثبوتوں سے ثابت کیاجاتا ہے ۔پی ایل ڈی 1972سپریم کورٹ 25، مسماۃ

خیر النساء اور 6دیگر بنام ملک محمد اسحاق اور دیگر میں یہ کہا گیا کہ
تحریری بیانات کو کیسز میں اس شخص کے بغیر نہیں لیا جاسکتا جس
کاعدالت میں ٹرائل نہیں کیا گیا ۔صرف تصدیق شدہ ہو تاہم اس تحریری بیان
کو ثبوت پر کے طور پر کیس میں پیش نہیں کیا جا سکتا ‘ اس فیصلے
کیلئے جے بی روس اینڈ کو وی سی آر سریون اور دیگر (ائر
اور محمد صدیقی بمقابلہ پھوپندرا نارائن روئے ((1917CAL269(2)
چوہدری سے مدد لی گئی ہے ۔پی ایل ڈی 1962ء ڈھاکہ 643اس کیس میں
بھی ایسے ہی ہوا ’’ کیس خارج کرنے کیلئے تصدیق ضروری ہے ‘ اگر
نہیں روکا گیا تو جھوٹ ہوگا ‘ قانون سازی کبھی مکمل نہیں ہو گی کہ مدعی
کی جانب سے تصدیق شدہ تحریر بیان کو مخالف کیخلاف بطور ثبوت تصور
کیا جائے ‘قانون کے سیکشن 191اور 193میں جو الفاظ استعمال کئے گئے
ہیں ان کے مطابق تصدیق شدہ تحریر بیان کو ثبوت کے طور پر نہیں لیا جا
سکتا تاہم سیکشن 191کو ایک خاص مقصد کیلئے نافذ کیاگیا ہے ۔2016ء ای
سی ایم آر 274سپریم کورٹ آف پاکستان عظیم خان اور دیگر بمقابلہ مجاہد
خان اور دیگر (جے) پینل کوڈ (XLV of 1960) سیکشن 365اے اور
302(بی) انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997ء ‘ کریمنل پروسیجر کوڈ (V of
1998) اغواءبرائے تاون قتل ثبوتوں کا دوبارہ جائزہ مقتول کی شناخت
کیلئے ہڈیوں کا حصول ہڈیوں کی ڈی این اے رپورٹ یہ سب کچھ ثبوت کے
طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی سزا دینے کیلئے کافی ثبوت ہیں‘
اس کے علاوہ اگر موجودہ کیس میں ڈی این اے رپورٹ کو بطور ثبوت پیش
کرکے اس پر انحصار کر دیا جائے تو یہ بھی ملزم کو سزا دینے کیلئے
کافی نہیں ہو گا‘ جب ثبوت کے انبار بھی لگا دئیے جائیں پھر بھی ملزم کو
سزا دینے کیلئے ڈی این اے رپورٹ پر انحصار کرنا کافی نہیں ہوگا‘ یہاں
غیر جانبداری اور مکمل شفافیت ظاہر کر نا ہوگی ‘ مجسٹریٹ یا ان جیسی
غیر جانبدارانہ اتھارٹی رکھنے والے حکام کی موجودگی میں مقتول کے
جسم کے جو نمونے حاصل کرکے لیبارٹری بھجوائے گئے ہیں اور جائے
وقوعہ سے بھی قتل کے حوالے سے ثبوت اکٹھے کرکے لیبارٹری بھجوائے
گئے ہیں انہیں محفوظ کرنا ہو گا لیکن اس کیس میں ان تمام امور کو نظر
انداز کیا گیا ‘ سپریم کورٹ نے ایک طرف ملزم کو جرم کا مرتکب قرار

دیتے ہوئے اس پر ذمہ داری عائد کی اور اسے سزائے موت سنائی ۔پی ایل
جے 2002 لاہور 454 : مقرب حسین بوساطت قانونی نمائندگان اور دیگر
بنام پیر زادہ محمد رفیق بوساطت قانونی نمائندگان ، پیرا 8 A,7,4 10 اور c
کو دوبارہ لیا جاتا ہے پی 4 ۔ اپیل کنندہ نے کرایہ کے بارےمیں 13 جنوری
1962ء کے حکم پر تکیہ کیا دستاویزات کی غیر تصدیق شدہ نقول دیں ۔پی7
۔ دستاویزات کے تحت جواب دہندہ کو اجازت ملی کہ بنگلہ کے سامنے پلاٹ
پر کوارٹر بنا سکے درحقیقت اس سے اپیل کنندہ کو پوزیشن سی ملا۔پی 8
اے ۔ میں یہ کہوں گا کہ مذکرہ دستاویزات کے سرسری مطالعہ سے یہ تاثر
ملا ہے کہ ان غیر تصدیق شدہ دستاویزات پر بجا اعتراض اٹھایا گیا کہ اپیل
کنندہ بیان ڈی ڈبلیو 3 تھا ۔ میرے ذہن کے مطابق یہ دستاویزات قانون شہادت
حکم کے تحت قابل قبول نہیں ۔ ڈی ڈبلیو 3 کے تحت یہ دستاویزات غیر
تصدیق شدہ نقل کی آگے نقل تھی ۔ یہ بھی قابل قبول نہیں ۔بی 10 ۔ میں
قانونی مشیر سے متفق ہوں کہ مذکورہ 2۔ دستاویزات ثبوتوں کے طور پر ہر
قابل قبول ہیں ۔اورنہ ہی تصدیق کیا گیا ہےیہ تمام داخلے محض عدالتی
کارروائی کے حوالے سے ہیں اورنہ ہی اسے بطور داخلہ موجودہ کیس میں
استعمال کیا جائےجوکہ ثبوتوں کی روشنی میں اسکے اپنے میرٹ پر ہو نے
2016-SCMR2084کا ریکار ڈ کیا جائے بعنوان اسفندیار اوردیگر بمقابلہ
کامران اوردیگر وغیرہریکارڈ کے مطابق درخواست گزار نے دوران تفتیش
سی سی ٹی وی کی فوٹیج پیش کینجس کودرخواست گزارنے تفتیش آفیسر
کے سامنے پیش کیا۔عدالتی سماعت کے دوران انہیں عدالت کے سامنے پیش
کرنے کے لئے اجازت لی گئی لیکن آرڈر1984کی روشنی میں پیش کرنے
کو کہا گیا۔مخالف پارٹی کو موقع فراہم کیا گیا کہ وہ مذکورہ فوٹیج کا جائزہ
لے۔تمام جائزہ لینے کے بعد عدالت نے بتایاکہ عدالت سی سی ٹی وی فوٹیج
پر بطورثبوت بھروسہ نہیں کرسکتی۔لہٰذاعدالت کے فیصلے میں
آرڈر1984کے مطابق کیس کے ثبوت پیش کئے جائینجوکہ آرٹیکل 79تک
محدود نہیں ہونے چاہیے۔2011 clj 233 Peshawar بعنوان مسزنشاتا بمقابلہ
Para 11 B کودوبارہ پیش کیا جاتاہے۔مسز مسلم خان عرف مصلی وغیرہ
نشاط ،مدعی مقدمہ اورعبدالحکیم وغیرہ کے دستخط کے حوالے سے جائزہ
کے ثبوت پر بتایا گیا ہے کہ انگوٹھوں کے ACW-3 لیا گیا ہے جس میں

نشانات بھی مسز نشاط سے مطابقت رکھتے ہیں۔لہٰذایہ ثبوت کے طور قابل غورنہیں لائے جاتے جوکہ کمزورتصورکئے جاتے ہیں۔مگرمدعا علیہ قرآن شہادت کے آرٹیکل 8اور9پر پورانہیں اترتے اور اسکی تعمیل میں ناکام ہوئے ہیں۔لہٰذا انگوٹھوں کے نشانات بھی اس سیل ڈیڈ کو متنازعہ بنادیتے ہیں۔ مذکورہ کیس میں بھی ایکسپرٹ رائے کو بھی ثبوت کے طورپرکمزورتصورکیا جاتا ہے۔جب پارٹی اپنے کیس کو ثابت کرنے میں ناکام ہوجائے توایسی صورت میں بھی Expert Opinion کوترجیح دی جاتی ہے جوکہ ثبوت کا کمزورذریعہ تصورکیا جاتاہے۔ جیساکہ سید محمد عمر شاہ بمقابلہ بشیراحمد کے کیس میں بتایا گیا ہے کہ آرٹیکل 61کے مطابق Hand writing کی ماہر ین کے رائے کو بھی ثبوت کے طورپر کمزورتصورکیا جاتاہے،بیشترزبانی،دستاویزی اوردیگرحقائق پرمبنی ثبوت ہونے کے باوجوداس پر ایسے ثبوتوں پر ترجیح نہیں دی جاتی۔PLD 2005 Quetta عنوان اشفاق خالد بمقابلہ سٹیٹ پیرا33 کودوبارہ پیش کیا جاتاہے:جہاں تک Handwritingمیں1985- کے ماہر کا تعلق ہے SCMR کاسپریم کورٹ میں کیس رپورٹ ہواجسکے پیج359میں بتایا گیا کہ Handwriting ایکسپرٹ کی رائے کو فائنل تصورنہیں کیا جاتاہے۔اس حوالے سے متعلقہ آبزویشن دوبارہ پیش کی جاتی ہیں۔ہینڈرائیٹنگ کی رائے، ایکسپرٹ ہینڈرائٹنگ کی رائےاورتمام قسم کے شواہد جو عدالت میں جمع کیے گئے غیرتسلی بخش تھے۔ یہ شواہد اتنے کمزور اورپرانے تھے کہ جسے قانونی نظام میں پیش کرنے کے قابل نہیں ۔عدالتیں محض ایکسپرٹ رائے پر انحصار نہیں کرتیں ۔ AIR1947 oudh page 180 کے فیصلے کے مطابق جج نے بتایا تھا کہ ہینڈ رائیٹنگ ایکسپرٹ کی رائے پر انحصار کرنا خطرناک ہوسکتا ہے۔ DW 22 کے سلسلے میں آخری گواہ ہ پر غور کیاجاسکتا ہے میری خواہش ہے کہ کہوں کہ ہینڈ رائیٹنگ ایکسپرٹ کی جانب سے متنازعہ دستاویزکے حوالے سے پیش کی گئیں ثبوت کافی نہیں۔ میں اسے منظور کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتا ہوں۔ مسٹر وسیم نے رائے کا اظہار کیا مختلف کتابوں میں ہینڈرائیٹنگ ایکسپرٹ کی شواہد کے حوالے سے ۔ لہذا میں مکمل طور پر حوش وہواس میں کہتا ہوں کہ ایسے گواہوں کے شواہد پر انحصار کرنا خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ کیونکہ بعض

اوقات ایک ماہر مختلف کیسز میں تعصب پسند ہوسکتا ہے۔ اس سلسلے میں ہم پی ایل ڈی 1958لاہور پیج 447کے فیصلہ کا حوالہ دے سکتے ہیں، ہینڈنگ رائیٹنگ ایکسپرٹ کی رائےسے متعلق احتیاط برتنا چاہیے تاہم ایک ایکسپرٹ جانبدار بھی ہوسکتا ہے لہذا اس حوالے سے کورٹ کو تمام پہلوئوں کا جائزہ لینا چاہیے۔ اسی طرح کے ایک اور فیصلے میں بتایا گیا کہ ایک ماہر کی رائے قابل قبول ہے لیکن اس پر فیصلہ نہیں کیاجاسکتا ۔ لہذا وہاں کچھ شواہد ہونے چاہیے تاکہ ان بیانات کی تدرستگی کا جائزہ لیاجاسکے۔ 1969 ء کے' پی سی آر ایل جے' کی ملکیت کے حوالے سے فیصلے میں ہاتھ کی لکھائی کے ماہر کی رائے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جس کے مطابق ''ہاتھ کی لکھائی اور دستخط کے حوالے سے ماہرکی رائے ہے کہ لکھائی اور دستخط قابل یقین نہیں تاہم ان میں ردوبدل ہو سکتا ہے اور ماہر اسے جعلی ثابت نہیں کر سکتا جب تک لکھنے والے اور دستخط کرنے والے کی لکھائی اور دستخط صاف نہ ہوں جس کیلئے لکھائی اور دستخط کا ایک متن بھی دیکھنا ہوگا لیکن ایسے عمل کی قانون حیثیت انتہائی کمزور ہوتی ہے''۔اسی طرح لکھائی کے ماہر کی رائے پر غور کرنے کے بعد حالات و واقعات کے تحت عدالت آزادانہ طور پر اس نتیجے پر پہنچتی ہے جبکہ ڈی ایل ڈی ڈھاکہ کے 1966ء کے ایک کیس کے فیصلے کے صفحہ نمبر 444 کے مطابق ''قانون کے مطالعہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ عدالت کسی ماہر کی رائے کو مان سکتی ہے لیکن عدالت کی یہ ڈیوٹی بھی نہیں کہ وہ ان سب کو ہی منسوخ یا مسترد کر دے' عدالت حتمی فیصلے کے نتیجے پر پہنچنے کیلئے کسی ماہر کو اپنی رائے دینے کیلئے بلا سکتی ہے تاہم اس کیس میں نقوش صاف ظاہر ہیں 'ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ عدالت کسی ماہر کی رائے کے بغیر ازخود آزادانہ طور پر کسی نتیجے پر پہنچ سکتی ہے ''۔دو مختلف لکھائیوںاور دستختوں کے موازنہ کریں تو لکھائی کے ماہر تو لکھائیوں اور دستخطوں کے مختلف پہلوئوں کا جائزہ لینا ہے جیسے کہ پین کا پکڑنا' پین کا پریشر' لچکداری' سپیڈ 'سائز' سپیس ' لائن کی کوالٹی 'ریدھم اور لمحات ' تمام الفاظ ' سیاہی اور لکھنے کے آلات کا جائزہ لینا ہوتا ہے' اسی طرح لکھائی کے اصولوں کے موازنہ سے قبل اس کو دیکھا جاتا ہے' دوسرے الفاظ میں یہ کہا جائے کہ کسی بھی شخص

سے اس کی لکھائی یا دستخط کے حوالے سے موازنہ کیلئے نمونے ایک جیسے لئے جائیں‘ ممکن ہو تو ایک ہی قسم کی سیاہی ‘ ایک ہی قسم کے لکھائی کے آلات ‘ اگر پینسل کے ساتھ لکھا گیا ہے تو پینسل کا نمونہ لیا جائے اگر بال پین ہو تو بال پین کا ۔2016ء پی سی آر ایل جے 1343لاہور غلام سرور خان لالوانی بمقابلہ ریاست کیس کے پیرا 20ڈی کے مطابق ’’استغاثہ کیلئے ضرور ہے کہ و ہ تمام ثبوت اکٹھے کرے کہ جس اثاثوں سے پلاٹ خریدا گیا ہے اس کیلئے وسائل کہاں سے آئے تاہم ایسے کوئی ثبوت اکٹھے نہیں کئے گئے ۔پی ایل ڈی 2002ء پشاور 118محمد حیات خان سمیت دو دیگر افراد بمقابلہ ریاست کیس کے پیرا 81کے مطابق ’’ اگر ہم کسی ڈکشنری سے ’’ڈیپنڈنٹ ‘‘ لفظ کا مطلب حاصل کر لیں تو اس کا مطلب یہی ہے کہ ایک شخص معاشی طور پر کسی دوسرے شخص پر انحصار کر رہا ہے اور اسےگزر بسر کیلئے معاشی طور پر اس شخص سے تحفظ ملے ‘‘پی ایل ڈی 1993سپریم کورٹ 88ایٹلانٹک سٹیمرز سپلائی کمپنی بمقابلہ ایم وی ٹائٹسی و دیگر کیس کے پیرا13جی کے مطابق اوپر والے مضمون کے متن کے مطالعہ سے اشارہ ملتا ہے کہ کسی بھی بیرونی ملک کے قانون کے مطابق ایک شخص کسی کتاب کی چھپائی اس ملک کے قانون کے تحت کر سکتا ہے اور یہی ’’ قانون شہادت ‘‘ کے آرٹیکل 59سے بھی ثابت ہے کہ غیر ملک کے قانون پر ماہر کی رائے درست ہے تاہم ایک ماہر چانچ پڑتال بھی کر سکتا ہے‘‘۔پی ایل ڈی 1972ء سپریم کورٹ 25مسز خیر النساء اور دیگر 6افراد بمقابلہ ملک محمد اسحاق و دیگر افراد ’’ عدالت میں دائر کردہ کسی شخص کے تحریر بیان کو اسی شخص کے بغیر کیس میں پیش نہیں کیا جا سکتا ‘ تحریر بیان حلفیہ طور پر نہ ہو اور اس کی صرف تصدیق ہوئی ہو تو یہ کسی بھی کیس میں شہادت کے طور پر پیش نہیں ہو گا‘ اس فیصلے کیلئے جے بی روس اینڈ کمپنی سی آر سریون اور دیگر کے کیس سے مدد لی گئی ‘‘ ۔2010ء سی آر ایل جے 1832کراچی میر فیاض احمد بمقابلہ ریاست کیس کے پیرا 21کے مطابق ’’مذکورہ کیس کے مطالعہ سے اشارہ ملتا ہے کہ قانون بڑا واضح ہے کہ لکھائی کے ماہر کی رائےکیا ہے ‘ صرف رائے ہے تاہم مبینہ ہاتھ کی لکھائی یا دستخط کے حوالے سے کسی بھی نتیجے پر پہنچے کیلئے یہ رائے کافی نہیں ہو گی ‘ماہر کی رائے

کی حیثیت سے معمولی ہے تاہم سزا کا تعلق ماہر کی رائے سے نہیں ہو گا ‘‘پی ایل ڈی 2005ء کراچی 443منصور احمد قریشی بمقابلہ ریاست کیس کے پیرا 141کے مطابق ’’جہاں متعلقہ سزا کے ساتھ نیا جرم سرزد ہو جائے یا پہلے سے ہوئے جرائم پر نئی سزا دی جائے یہ ترمیم شدہ قانون کے تحت یہ سزا قابل عمل نہیں ہوگی‘‘پی ایل ڈی 2010ء سپریم کورٹ 1109بینک آف پنجاب و دیگر بمقابلہ حارث سٹیل انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیس کے پیرا 30ای کے مطابق ’’ایماندارانہ تحقیقات ہوں اور غیر جانبداری کے بغیر اس تحقیقات کے منصفانہ ہونے کی گارنٹی بھی ہو تو تحقیقاتی افسر صرف ایک مریض اور الجھن کا شکار ہو گا ‘‘ثبوتوں کے انبار اور ملزم کی جانب سے صفائی 2007ء ایم ایل ڈی 210کراچی حاکم علی زرداری بمقابلہ ریاست کیس کے آخری پیرا کے صفحہ نمبر 923کے مطابق ’’ثبوتوں کے انبار کے سلسلے میں عام قانون کے مطابق ملزم اس وقت تک معصوم ہے جب تک جرم ثابت نہ ہو اور جرم ثابت کرنا ہمیشہ استغاثہ کا کام ہے تاہم اسی آرڈیننس کے سیکشن 14(سی) جو کہ عام قانون سے ہی لیا گیا ہے کے مطابق کرپشن کے ممکنہ امکانات یا کرپٹ کاموں کو واضح کرنا ہوگا‘ اگر کوئی ملزم یا کوئی بھی شخص غیر ملکی سرمائے یا زمین کے حوالے سے چھوٹے سے سرمائے کیلئے کمائی کا ذریعہ بتانے میں عدالت کو مطمئن نہ کر سکے توکمائی کے ذرائع کے ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ داری ملزم پر ڈالنے کیلئے قانون خاموش ہے تاہم ہمیشہ ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ داری ملزم پر ہونی چاہیے ‘ قانون کے مطابق ایسے کیسز میں استغاثہ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ملزم کیخلاف ثبوت فراہم کرکے عدالت کو مطمئن کرے کہ ملزم کے کمائی کے ذرائع کیا ہیں‘ اس نے کیسے زمین یا غیر ملکی سرمایہ حاصل کیا‘ عدالت کو ضرورت ہے کہ تصور کرے کہ قانون کے سیکشن 14(سی) کے تحت فراہم کردہ ثبوتوں کے تحت ملزم نے جرم کیا ہے‘ استغاثہ کیلئے ضرورت ہے کہ وہ پہلے ملزم کے اثاثوں اور کمائی کے درمیان فرق واضح کرے لیکن جہاں ملزم اس حوالے سے مطمئن نہ کر سکے تو ثبوت کی ذمہ داری ملزم پر ہرگزنہیں ڈالی جا سکتی ہے وہ ثبوت لا کر مطمئن کرے‘ رامیشور پرساد اُدھاپیا بمقابلہ حکومت بہار ریفرنس (ائر 1971ایس سی 2474) کے مطابق ملزم کی جانب ثبوت فراہم

کرنے کی حدتک یہ کہ ملزم پر ضروری نہیں کہ اس پر جو الزامات ہیں وہ اسی کے ثبوت بھی فراہم کرےاور نہ ہی وہ اس کا ذمہ دار ہے تاہم پراسکیوشن کا کام ہے کہ وہ ثبوت فراہم کرے جو ملزم پر الزام ہے تاہم جب ملزم کیخلاف الزامات کی تحقیقات کے دوران مندرجہ بالااصولوں کو بھی مد نظر رکھنے کی ضرورت ہے اور اگر ملزم اس قابل ہو کہ وہ حالات بیان کرکے عدالت کو مطمئن کر سکے تو یہ کافی ہو گا اور ملزم پرثبوت لانے کا سلسلہ ختم کر دیا جائے ۔ثبوت کے معیار کی تین اقسا م ہیں ۔ ثبوتوں کے I پیش نظر امکانات کی برابری

II ۔ ممکنہ حد تک کسی شک پر ثبوت معیاری اور واضح ثبوت پر قائل کر نا کے جرم میں معیاری (V) (سیکشن 14(سی) کے مطالعہ کے مطابق9(اے ثبوت ضروری ہیں ۔2009ء کے ایس سی ایم آر 790کو یہاں پیش کیا جا سکتا ہے جہاں یہ ہوا ' اگر این اے او کو استعمال نہ کیا جا سکے تو ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ دار ملزم پر نہیں بلکہ استغاثہ پر ہو گی اور ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ داری خاص ثبوت کے بغیر کبھی بھی عائد نہیں ہوگی ۔2010ء ایس سی ایم آر 1697ء

محمد ہاشم بابر بمقابلہ ریاست و دیگر کے کیس کے مطابق ''یہاں یہ اضافہ کرنا ضرور ی ہے کہ کسی کیس کو ثابت کرنے کی ذمہ داری اور استغاثہ کے الزامات یا جرم کو ثابت کرنے کیلئے مندرجہ ذیل امور ہونگے ۔

(V) یہ ثابت کرنا ضرور ہے کہ ملزم کے پاس کسی بھی قسم کا حکومتی عہدہ تھا ۔

(VI) غیر ملکی سرمایہ یا زمین کے حوالے سے مکمل معلومات فراہم کرنا ضرور ہے ۔

(VII) یہ بھی ثابت کرنا ہو گا کہ ملزم کے کمائی کے ذرائع کیا ہیں ۔

(VIII) یہ بھی ثابت کرنا ضرور ی ہے کہ سرمایہ یا زمین ملزم کے قبضے سے ملی ہے اور وہ سرمایہ بھی واضح نہیں ہے ۔

اگرپہلے سے جرم ثابت ہو جائے اور قانون کے سیکشن 9(اے) (وی) کے مطابق مکمل ہو جب تک ملزم سرمایہ یا زمین ثابت نہ کر سکے لیکن قانون میں یہ بھی واضح ہے کہ کسی سرمائے پر زمین پر صرف قبضہ کوئی جرم نہیں لیکن اس سرمائے یا زمین کے حصول کیلئے استعمال ہونے والے سرمائے یا ذرائع آمدن کے حوالے سے مطمئن نہ کرسکنے کی صورت میں اس سرمائے یا زمین پر سوالات اٹھیں گے اور ملزم ثابت نہ کر سکے تو یہ ایک جرم ضرور ہوگا ' قانون کے سیکشن 14(سی) کے ملزم جس ملزم پر کرپشن اور کرپٹ کام کرنے کے الزامات ہوں تو اسے ثابت بھی کرنا ہوگا' بصوابوشان نائیک بمقابلہ سرکاری (ائر 1954ایس سی 350) کیس کو دیکھیں کہ یہاں قانون کے سیشن 14کے تحت ریکارڈ سے ثبوت لا کر پیش کئے گئے اور اگر کونسل ثبوتوں میں کسی ایک صفحہ یا سیکشن پر یہ ثابت کردے کہ یہ پڑھنے کے قابل نہیں یا صحیح طریقے سے اس کی چھپائی نہیں ہوئی یا عدالت اس کو پڑھ ہی نہ سکے تو تو پٹیشنرکی جانب سے خرچ کردہ 14لاکھ روپے ختم نہینہونگے ' یہ بھی قانون سے ہی واضح ہے کہ ثبوت فراہم کرنے کے حوالے سے ذمہ دار استغاثہ پر عائد ہوتی ہے کہ وہ ملزم پر ثابت کریں کہ یہ سرمایہ یا زمین اسی کی ہے یا نہیں' اور یہ اس نے کس سرمائے سے کیسے حاصل کئے ہیں' اور نیب قانون 1999ء کے مطابق استغاثہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ثابت کرے کہ اس سرمائے یا زمین کو حاصل کرنے میں کرپشن ہوئی ہے یا نہیں ' اگر استغاثہ اس میں ناکام رہے تو یہ ذمہ داری ملزم پر بھی عائد ہوگی کہ وہ ثابت کرے اور مطمئن کرے کہ سرمایہ کہاں سے آیا ' عدالت احتساب بھی کر سکتی ہے ۔

فاضل جج نے سپریم کورٹ کے فیصلے ایس سی ایم آر 790 /سال2009 بعنوان ''سید قاسم شاہ بنام سرکار ''کا حوالہ دیتے ہوئےکہا کہ اگرچہ دفعہ 14(سی) نیب آرڈیننس میں موجود ہے مگر اس کے باوجود ابتدائی بارثبوت ہمیشہ استغاثہ پر ہوتاہے کہ وہ جرم ثابت کرے اور جب تک ابتدائی بار ثبوت درست طور پر ڈسچارج نہ کیا جائے اس وقت تک ملزم کے حق میں بے گناہی کا ٹھوس یقین موجود رہتا ہے اور تمام حالات میں استغاثہ کسی طور ملزم کا جرم ثابت کرنے سے بری الذمہ نہ ہو سکتا ہے۔ مزید فاضل

جج نے 2010ء وائی ایل آرصفحہ 230کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر کیس کے اپنے واقعات اور پس منظر ہے اور کسی کیس کے واقعات آنکھ بند کر کے دوسرے کیس پر منطبق نہ کئے جا سکتے ہیں۔ فاضل عدالت عظمیٰ و عدالت عالیہ کے نظائر کے پس منظر میں فاضل جج نے ریفرنس کا پس منظر بیان کرتے ہوئے فیصلے میں یہ بھی تحریر کیا کہ سال 2016ء میں صحافیوں کی بین الاقوامی تنظیم نے ''موزیک فونسیکا'' جو کہ پاناما ملک میں ایک لا فرم ہے کا ڈیٹا ہیک کیا اور اس کو شائع کر دیا جس میں ان تمام لوگوں کے نام موجود تھے جنھوں نے بین الاقوامی کمپنیوں سے روابط استوار کئے ہوئے تھے اور ٹیکس سے بچنے کیلئے اور اپنی دولت کو چھپانے کیلئے انویسٹمنٹ کی ہوئی تھی اور مزید یہ کہ ان کا سب سے بڑا مقصد کالے دھن کو سفید کرنا تھاپاناما پیپرزکے شائع ہونے کے بعد فاضل عدالت عظمیٰ نے معاملے کا جائزہ لیا اور ملزمان فاضل عدالت عظمیٰ کی تمام کارروائی میں شامل ہوئے ابتدائی طور پر فاضل عدالت عظمیٰ نے تین دو کے تناسب سے فیصلہ 20اپریل 2017ء کودیااور نیب کو تفتیش کرنے کیلئے ہدایت دی اور اس بارے جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم تشکیل دی گئی اور اس بابت وضاحت دی گئی کہ اس میں ایف آئی اے کا سینئر آفیسر نمائندہ نیب ، ایس ای سی پی کا نامزد، سٹیٹ بینک کا نامزد کردہ ممبر، آئی ایس آئی اور ایم آئی کے سینئر افسران شامل ہونگے۔ تفتیشی ٹیم کو ہدایت کی گئی کہ وہ اس امر کا تفصیلی جائزہ لے کر آیا ملزم نواز شریف یا اس کے بچوں یا بے نامی دارنے اپنے وسائل اور آمدن سے زائد اثاثہ جات حاصل کئے تھے تمام ملزمان کو تفتیشی ٹیم کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کی گئی اور تفتیشی ٹیم کو اس بات کی اجازت دی گئی کہ وہ ایف آئی اے اور نیب سے ایون فیلڈ اپارٹمنٹس یا دیگر اثاثہ جات اور آمدن کی بابت کوئی بھی ریکارڈ حاصل کر سکتی تھی' فاضل عدالت عظمیٰ کی ہدایت پر تحقیقاتی ٹیم واجد ضیاء پی ایس پی ، بریگیڈئیر(ر) محمد نعمان سعید نمائندہ آئی ایس آئی، بریگیڈئیر کامران خورشید ممبر ملٹری انٹیلی جنس عامر عزیز ایگزیکٹو ڈائریکٹر سٹیٹ بینک آف پاکستان، بلال رسول ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایس ای سی پی اور عرفان نعیم منگی ڈائریکٹر نیب پر مشتمل تھی۔ تحقیقاتی ٹیم کو مندرجہ ذیل واقعات پر تفتیش کرنے کی ہدایت کی گئی کہ گلف سٹیل ملز

کیسے بنی ؟اور کب فروخت ہوئی، اس کی ذمہ داریوں کا کیا بنا؟ اس کی قیمت وصول شدہ کہاں استعمال ہوئی ، جدہ ، قطر اور انگلینڈ کیسے پہنچی؟ کیا ملزمان حسن اور حسین نواز کے پاس 90ء کی دہائی کے اوائل میں اتنے اثاثہ جات موجود تھے کہ وہ فلیٹ خرید سکیں؟ کیا حماد بن جاسم بن جبر الثانی کے خطوط حقائق پر مبنی تھے؟ حصص کو کیسے فروخت کر کے ان سے فلیٹ کی خریداری کی گئی؟ درحقیقت نیلسن انٹرپرائز لمیٹڈ اور نسکول لمیٹڈ کا مفاد اٹھانے والا اصل کون ہے؟ ھل میٹل کب اور کیسے وجود میں آئی؟ ، مدعا علیہ نمبر 8نے کب اور کیسے کمپنیاں بنائیں اور ان کمپنیوں کیلئے پیسہ کہاں سے آیا؟ اور مزید یہ کہ حسین نواز نے کس طرح ملزم نواز شریف کو کروڑوں روپے گفٹ کئے؟ تحقیقاتی ٹیم نے 16جولائی 2017ء کو دس جلدوں پر مشتمل اپنی رپورٹ پیش کی فاضل عدالت عظمیٰ نے مورخہ 28جولائی 2017 کو نیب کو ریفرنس تیار کر کے تحقیقاتی ٹیم کے جمع شدہ مواد پر مبنی نیب عدالت میں داخل کرنے کی ہدایت کی جنکی بنیاد پر ایون فیلڈ فلیٹس عزیز یہ سٹیل کمپنی اور دیگر کمپنیوں کی بابت ریفرنس دائر کئے گئے فیصلے میں فرد جرم کی بابت تفصیل بیان کی گئی جس میں مرکزی ملزم میاں نواز شریف کو اس بات کی وضاحت کرتے ہوئے موردالزام ٹھہرایا گیا کہ وہ اپارٹمنٹ نمبر16اے، 17اور 17اے سے پارک لین لندن کے مالک تھے اور یہ کہ یہ فلیٹس نیلسن انٹرپرائزز لمیٹڈ اور نیسکال لمٹیڈ کے ملکیت تھے اور مزید انکو ہدایت کی گئی کہ انکی خرید قانونی طور پر کرنے کے وسائل انکے پاس نہ تھے۔ مزید یہ الزام عائد کیا گیا کہ وہ اپنے وسائل ثابت کرنے میں ناکام رہے کہ کس طرح انہوں نے یہ اپارٹمنٹس خرید کئے تمام ملزمان نے فرد جرم کی صحت سے انکار کیا' فاضل عدالت نے نیب آرڈیننس 1999کی دفعہ 9کا حوالہ دیتے ہوئے اس امر کی وضاحت کی کہ ہر وہ شخص جو کہ اپنے یا اپنے زیر کفالت افراد کے نام پر اپنے وسائل اور آمدن سے زائد اثاثہ جات حاصل کرے تو وہ دفعہ 9اے آرڈیننس کے تحت جرم کا مرتکب ہو گا۔ مزید دفعہ 14(سی) آرڈیننس ہذا کاحوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہر شخص جس کے اثاثہ جات اس کی آمدن سے زائد ہیں اگر اس کی وصاحت نہ کر سکے تو وہ جرم کا مرتکب تصور ہو گا۔ آرٹیکل 122اور 129قانون شہادت آرڈر 1984کا مزیدحوالہ دیتے

ہوئے فاضل جج نے تحریر کیا کہ جب کوئی خاص واقعہ کسی شخص کے علم میں ہو تو پھر اس واقعہ کے ثابت کرنے کا بار ثبوت اسی شخص پر ہو گا اپنے فیصلے میں فاضل جج نے بار ثبوت کے معیار کی بابت تحریر کیا حقائق زیادہ واضح ہوں یا(i) کہ بار ثبوت تین قسم کا ہوتاہے جس میں درمیانی راستہ یہ ہے کہ (iii)جرم کو بلا شک و شبہ ثابت کیا جائے یا(ii) حقائق واضح ہوں اور مثبت شہادت موجود ہو ، فاضل جج نے 2007ء ایم ایل ڈی کراچی صفحہ 210''حاکم علی زرداری بنام سرکار''210ء ایس سی ایم آر 1697''محمد ہاشم بابر بنام سرکار ''کا حوالہ دیتے ہوئے واضح کیا کہ کسی بھی شخص کو جرم ثابت کرنے کیلئے ضروری ہے کہ پہلے یہ ثابت کیا جائے کہ وہ کسی سرکاری منصب پر فائز تھا، اس کے معلوم ذرائع آمدن کیا تھے اور مزید یہ کہ اس کے اثاثہ جات اس کے معلوم ذرائع آمدن سے مطابقت نہ رکھتے تھے' فاضل جج نے آرٹیکل (4)2قانون شہادت آرڈر کا حوالہ بھی دیا کہ شہادت دراصل واقعات ہوتے ہیں جو کہ صفحہ مثل پر آ جائیں تو یہ واقعات شہادت سے زیادہ وسعت رکھتے ہیں ملزمان حسن نواز اور حسین نواز نے واضح موقف اختیار کیا کہ اپارٹمنٹس نیلسن انٹر پرائزز کے ملکیت تھے اور یہ کہ ان کمپنیوں کے حصص قطر کی شاہی فیملی نے ایک معاہدے کے تحت انکے حوالے کئے۔استغاثہ کی جانب سے واجد ضیاء دوران شہادت بطور گواہ نمبر 16 پیش ہوئے اور انہوں نے کہا کہ انہوں نے انگلینڈ، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں خطوط تحریر کئے اور وہاں سے اپارٹمنٹس کی بابت تفصیلات حاصل کیں۔ مزید برآں ظاہر شاہ ڈائریکٹر جنرل آپریشن نیب استغاثہ کے گواہ نمبر 17 پیش ہوئے اور انہوں نے وہ دستاویزات پیش کیں جو کہ عثمان نامی شخص نے حوالے کی تھیں اگرچہ فاضل جج نے فیصلے میں یہ تحریر کیا کہ ملزمان کی جانب سے اس امر پر اعتراض اٹھایا گیا تھا کہ دستاویزات پیش کردہ قابل ادخال شہادت نہ تھیں کیونکہ نہ تو عثمان نامی شخص پیش ہوا نہ ہی دستاویزات پیش کردہ کسی بھی ادارے کی تصدیق شدہ تھیں تاہم فاضل جج نے اعتراضات اس بنیاد پر مسترد کئے کہ چونکہ استغاثہ کا گواہ نمبر 17 اعلیٰ عہدے پر فائز سرکاری ملازم تھے اور انہوں نے برحلف بیان دیا تھا لہٰذا ان سے جھوٹ کی توقع نہ کی جا سکتی تھی۔ مزید برآں فاضل جج نے دفعہ 21 (بی) نیب

آرڈیننس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی دستاویز جو کہ کسی غیر ملک سے پاکستان منتقل ہو دوران شہادت پیش کی جا سکتی ہے لہٰذا اعتراضات ملزمان مسترد کر دیئے گئے۔ دستاویزات کا حوالہ دیتے ہوئے فاضل جج نے لکھا کہ فلیٹ نمبر 16، 31 جولائی 1995ء کو نیلسن انٹرپرائزز لمیٹڈ کی ملکیت تھا جبکہ فلیٹ نمبر 16 اسے بھی تاریخ مذکورہ پر اسی کمپنی کی ملکیت تھا جبکہ فلیٹ نمبر 17 مورخہ یکم جون 1993ء اور فلیٹ نمبر 17 اسے 23 جولائی 1996ء کو نیلسن کمپنی کی ملکیت میں آیا دیگر دستاویزات جو کہ استغاثہ کے گواہ نمبر 16 نے پیش کی لیکن ان سب کا حوالہ دیتے ہوئے فاضل جج نے اپارٹمنٹس کی ملکیت کے بارے میں صفحہ نمبر 152 پر بتایا کہ یہ کس کی ملکیت تھیں اور مزید یہ لکھا کہ یہ نیلسن انٹرپرائزز کی ملکیت 1993ء اور 1996ء میں مکمل طور پر بن گئیں۔ واجدضیاء کے بیان کا مزید حوالہ دیتے ہوئے فاضل جج نے ایف آئی اے کے جاری کردہ ایک خط کا حوالہ دیا جو کہ بطور استغاثہ کے ثبوت نمبر 48 پیش کیا گیا۔ واجد ضیاء نے دوران شہادت ایف آئی اے کے خط مورخہ 12 جون 2012ء کا حوالہ دیا جو کہ موزیک فونیسکا سے متعلق تھا اور فرم مذکورہ سے اس امر کی وضاحت طلب کی گئی تھی کہ نیلسن کمپنی کا اصل مفاد اٹھانے والا کون تھا اور یہ کہ اس فرم نے یہ تحریر کیا کہ مریم صفدر نیلسن کمپنی کی مفاد کنندہ تھیں، مختلف اعتراضات ملزمان کی جانب سے اٹھائے گئے مگر فاضل جج نے ان کو مسترد کر دیا۔ فیصلے میں اس امر کی وضاحت کی گئی کہ استغاثہ کی جانب سے پیش کی گئی دستاویزات کی تردید میں کوئی ثبوت یا دستاویز پیش نہ کر سکیں اور یہ کہ دستاویزات ازاں استغاثہ ملزمہ مریم صفدر کے جرم کو ثابت کرنے کے لئے کافی تھا۔ فاضل جج نے واضح طور پر تحریر کیا کہ غیر ملکی کمپنیاں جنت میں بنائی گئی تھیں تاکہ اس کے پیچھے چھپائے جا سکیں اور یہ کہ ان سے پردہ ہٹانا بہت مشکل تھا۔ مزید برآں فاضل جج نے اسسٹنٹ جنرل منیجر سامبا جو کہ مناروا کا ایک فنانشل گروپ ہے کے خط مورخہ 3 دسمبر 2005ء کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس خط کی رو سے مریم صفدر ان کی کسٹمر تھیں اور اس نے سرور پیلس جدہ کا ایڈریس دیا تھا اور مزید یہ کہ خط مذکور ملزمہ کی گناہگاری مکمل طور پر ثابت کرتا تھا۔ فاضل جج نے

گواہ نمبر 16 کی جانب سے پیش کردہ تیتمہ بیانات ملزمان کا حوالہ بھی دیا جن کے مطابق گلف سٹیل فیکٹری ملزم نواز شریف کے والد محمد شریف نے 1974ء میں بنائی جس کو طارق شفیع ظاہری طور پر چلاتا تھا۔ اصل مالک محمد شریف اور مزید یہ کہ اس کمپنی کے 75 فیصد حصص 21 ملین ابوظہبی درہم کے عوض فروخت کئے گئے جو کہ بی سی سی آئی کو اپنے قرض کی واپسی کے لئے دیئے گئے اور مزید یہ کہ ایک دیگر معاہدہ عبداللہ آہلی کے ساتھ کیا گیا جو کہ 75 فیصد کا مالک بنا جبکہ طارق شفیع 25 فیصد کا مالک بنا اور ایک نئی کمپنی آہلی سٹیل ملز کے نام سے قائم کی گئی۔ 1980میں طارق شفیع نے محمد شریف کی ایماء پر 12ملین درہم کے عوض 25فیصد حصص فروحت کئے جو کہ قطر رائل فیملی میں انویسٹ کئے گئے اور یہ کہ رائل فیملی قطر نے نیلسن کمپنی کے نام پر اپارٹمنٹس خریدے جن میں ملزمان حسین اور حسن نواز رہائش پذیر رہے ۔سال 2006میں حسین نواز اور قطر کے رائل شہزادے کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جس کی رو سے وہ اپارٹمنٹس کا مالک بن گیا اور اس کا طریقہ کار یہ بنا رکھا گیا کہ حسین نواز کمپنی کے شیئر کا مالک بنایا گیا۔ فاضل جج نے تیتمہ بیان پر اٹھائے گئے اعتراضات ملزمان جو کہ اس بنیاد پر کئے گئے تھے کہ گواہ استغاثہ نمبر 16دستاویز کا تحریر کنندہ نہ تھا کہ قانون شہادت کے آرٹیکل نمبر 76کا حوالہ دیکر مسترد کر دیا اور تحریر فرما کر بطور ثانوی ثبوت دستاویز مذکور قابل ادخال شہادت ہیں۔ فاضل جج نے آرٹیکل 89اور 77کا بھی حوالہ دیا اور کہا کہ ثانوی شہادت قابل ادخال شہادت تھیں اور اس کے لئے اس دستاویز کو پیش کرایا جانا ضروری نہ تھا ۔ فاصل عدالت نے حسین نواز کے اس موقف کہ 12ملین درہم قطر شاہی فیملی میں انویسٹ کئے گئے کو بعیدازقیاس تصور کرتے ہوئے مسترد کر دیا۔ فیصلے میں یہ بھی تحریر کیا گیا کہ تحقیقاتی ٹیم نے حماد بن حاتم التہانی جو کہ قطر کی شاہی فیملی کا فرد ہے کا بیان ریکارڈ کرنے کی کوشش کی لیکن اس نے تعاون نہ کیا اور چونکہ ملزم نے بھی کوئی تحرک نہ کیا لہذا است۔غاثہ جرم ثابت کرنے میں کامیاب رہا۔ فیصلے میں ایون فیلڈ اپارٹمنٹس کی بابت پیش کردہ سی ڈی/ڈی وی ڈی کا ذکر کیا گیا جو کہ مختلف انٹرویوز کی بابت تھیں جن میں اپارٹمنٹس کی بابت مختلف موقف اختیار

کئے گئے تھے اور جو سوالات ملزمان سے انکی بابت کئے گئے انکے
جوابات کا حوالہ بھی فیصلے میں دیا گیا جس میں ملزم نواز شریف واضح
طور پر سی ڈی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ انہوں نے دبئی فیکٹری کی
کسی بھی ڈیل میں شرکت نہ کی اور انہوں نے قوم سے اپنے خطاب میں
کبھی بھی اپارٹمنٹس کی ملکیت تسلیم نہ کی تھی اور یہ کہ ملزم نے نیسکال
اور نیلسن کمپنی کی ملکیت سے بھی مکمل طور پر انکار کیا۔حسین نواز
کے انٹرویوز کی بابت ملزم نوازشریف سے مختلف سوالات کئے گئے تاہم
انہوں نے صریحاََ انکار کرتے ہوئے کہاکہ ان چیزوں کاان سے کوئی تعلق
نہ تھا اورکسی طورپر کمپنیوں اورانکی جائیداد کی خریداری میں شریک نہ
رہے ۔ فاضل جج نے اس امر کی بھی وضاحت دی کہ ملزم نے یہ کہاتھاکہ
تمام کمپنیاں حسین نواز اورآف شور کمپنی سینکال کی ملکیت تھیں جبکہ
ملزم نوازشریف کاان سے کوئی تعلق نہ تھا ۔ فاضل جج نے یہ بھی
تحریرکیاکہ مریم صفدر ،حسین نواز اورحسن نواز کی جائیداد کی تفصیلات
جوکہ تحقیقاتی ٹیم نے پیش کیں انکے انکم ٹیکس اورویلتھ ٹیکس بیان سے
مطابقت نہ رکھتی تھیں ۔فاضل جج نے برٹش ورجن آئی لینڈ کے قوانین
کاحوالہ دیتے ہوئے کہاکہ انٹرنیشنل بزنس کمپنیز ایکٹ 1984؁ء کی
روسے کوئی بھی شخص مفاد اٹھانے والی مالکانہ حیثیت میں جائیداد رکھ
سکتا تھا اوراس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جوبھی قابض ہے وہ مالک ہے
فاضل جج نے تحریر کیا کہ 2006؁ء میں قوانین تبدیل ہوئے جسکی وجہ
سے حصص کو رجسٹر کرایاگیا اورمریم صفدر انکی مفاد گرینده بنی ۔فاضل
جج نے التوفیق کی کارروائی کاحوالہ دیتے ہوئے کہاکہ مفاد گرینده کی
حیثیت کوثابت کرنابہت مشکل تھا ۔فاضل جج نے تحریر کیا کہ اگرچہ ملزم
نواز شریف نے اپنے آپ کو تمام جائیداد ہائے سے لاتعلق ظاہر کیا مگر
شہادت سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ چونکہ حسن نواز نے مختلف کمپنیوں کے
نام پر قرضے حاصل کئے جن میں ملزم نواز شریف ملازم تھا لہٰذا محض
ملزم کے بیان کی روشنی میں اس کو بری الذمہ قرار نہ دیا جا سکتا ہے۔
فاضل جج نے اس امر کا بھی حوالہ دیا کہ ملزم نے سوال نامے کا جواب جو
کہ نیب کی طرف سے جاری کیا گیا تھا داخل نہ کیا تھا اور حسین نواز،
مریم نواز اور حسن نواز کی عمریں 1993ء میں بالترتیب 18,20 اور 16

سال تھیں اور جو کہ طالب علم تھے وہ اپارٹمنٹس خرید نہ سکتے تھے اور چونکہ ملزم نواز شریف خریداری کے ٹائم کے دوران وزیراعلیٰ اور وزیراعظم رہے لہٰذا وہ جرم میں ملوث تھے اور اس طور جرم ثابت ہو چکا تھا۔ فاضل جج نے اس امر پر زور دیا کہ 1993-95-96ء میں ملزم کے بچے اس پوزیشن میں نہ تھے کہ وہ جائیداد خرید کر سکیں لہٰذا ملزم ہی ذمہ دار تھا۔ فاضل جج نے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کی جانب سے پیش کردہ دستاویزات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ استغاثہ نے مکمل طور پر جرم ثابت کر دیا تھا فاضل جج نے تحریر کیا کہ چونکہ ملزم نواز شریف اقتدار میں تھے لہٰذا اس کا ناجائز فائدہ ان کے بچوں نے اٹھایا اور اس طور ملزم کا جرم ثابت ہو گیا تھا اور مریم صفدر کا حوالہ دیتے ہوئے فاضل جج نے تحریر کیا کہ جو دستاویزات انہوں نے پیش کیں وہ بوگس تھیں اور اس طور وہ جائیداد کو چھپانے میں ذمہ دار تھیں ان حالات وواقعات کی روشنی میں ملزم نواز شریف کو دس سال قید بامشقت اور 8 ملین پائونڈ جرمانے کی سزا جبکہ ملزمہ مریم صفدر کو 7 سال قید بامشقت اور دو ملین پائونڈ جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ محمد صفدر ملزم کے حوالے سے تحریر کیا گیا چونکہ وہ جرم کی سازش میں شریک ہے لہٰذا ان کو ایک سال قید بامشقت کی سزا دی گئی اور جائیداد ہائے بحق سرکار ضبط کرنے کا حکم بھی جاری کیا گیا۔ مزید برآں ملزمان کو دس سال تک الیکشن لڑنے سے بھی نااہل قرار دے دیا۔